دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس عظیم اور ضخیم جز کو عامۃ المسلمین کیلئے نافع بنادے۔ اور ارباب ادارہ کو مزید توفیق ارزانی فرمائے۔ وقتاً فوقتاً مختلف اہم موضوعات پر ایسے مفید شمارے منصۂ وجود پر لائیں۔

کتاب قرارِ دل مصنف : مولانا مفتی رضاء الحق صاحب مد ظلہ

مرتب : مولانا عبدالباری ضخامت : ۲۴۸ قیمت : ۲۲ روپے

ناشر : زمزم پبلشرز نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی

زیر تبصرہ کتاب برادر محترم شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی رضاء الحق صاحب مد ظلہ کا شعری مجموعہ ہے جس میں آپکا اردو عربی اور فارسی کلام یکجا کیا گیا ہے۔ اس مجموعہ میں اکابرین امت اور اساطین ملت کے سانحہ ہائے ارتحال پر مرثیے ہیں جو کہ وقتاً فوقتاً ملک وبیرون ملک کے مشہور جرائد میں شائع ہوتے رہے۔ اسی طرح شوق دید کے زیر عنوان ۱۱ پر اثر اور سحر انگیز نعتیں ہیں جس کا ہر شعر اور ہر مصرعہ کوثر و تسنیم میں ڈبویا گیا ہے۔ سوز و ساز کے عنوان سے ۲۰ دلآویز اور پر سرور نظمیں ہیں۔ جنہیں پڑھ کر قاری ایک وجدانی کیفیت محسوس کرتا ہے۔ جذبِ جنوں کے نام سے ۹ غزلیں ہیں مجوع کے مطالعہ سے الفاظ وتراکیب استعارات و تشبیہات اور دیگر محاسن شعر پر مصنف کی بھرپور گرفت کا اندازہ ہوتا ہے۔ یہ مجموعہ ۲۴۸ صفحات پر مشتمل ہے، جو کہ صوری و معنوی لحاظ سے انتہائی دیدہ زیب اور دلکش ہے اسکی ترتیب آپکے قابل فخر تلمیذ مولانا عبدالباری کی شبانہ روز محنت وکاوش کا ثمر ہے۔ اور تعلیق وتحشیہ نے کتاب کی افادیت میں مزید نکھار پیدا کیا ہے۔ مصنف کتاب برادر مولانا مفتی رضاء الحق صاحب، شاہ منصور (ضلع صوابی) کے علمی خانوادے کے چشم وچراغ ہیں علم و عمل کے اعتبار سے اکابر کا نمونہ اور درویش صفت و فقیر منش انسان ہیں آجکل جنوبی افریقہ میں جامعہ زکریا میں شیخ الحدیث میں اور دیار غیر میں ایک دنیا آپکے فیضان علم سے مستفید ہو رہی ہے۔ باوجودیکہ موصوف ضلع صوابی صوبہ سرحد کے ایک دیہاتی ماحول میں پلے پھولے۔ مگر عربی فارسی اور اردو شاعری پر مکمل عبور آپکی خداداد صلاحیتوں کی ایک بین دلیل ہے

☆☆☆